22185-کیا ہاسپٹل کے شعبہ حادثات اور ایمر جنسی کا ملازم نماز جمعہ ترک کر سکتا ہے ؟

سوال

میں ہاسپٹل میں ملازم ہوں اور جمعہ کے روز میری ڈیوٹی شعبہ حادثات اور ایمر جنسی میں ہوتی ہے میں اور ڈاکٹر ہی ہوتے ہیں تو کیا مجھ پر نماز جمعہ واجب ہے یا نہیں، کیونکہ ایمر جنسی چوبیس گھنٹے کھلی رہتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو ہاسپٹل میں آپ کی ڈیوٹی کا تقاضہ یہ ہے کہ آپ نماز جمعہ کے وقت بھی ڈیوٹی پر حاضر رہیں تا کہ کسی ایمر جنسی سے نپٹ سکیں تو آپ کے لیے ہاسپٹل میں رہنے میں کوئی حرج نہیں، اس حالت میں آپ نماز جمعہ ترک کرنے میں معذور ہونگے، اور آپ نماز ظہر چار رکعت ادا کرینگے.